سوال

(163) کیا سیاست مذہب کا جزو ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زیداور بکر میں نزاع ہے۔ زید کہتا ہے سیاست مذہب کا جزو ہے۔ بغیر اس کے مذہب نامکمل ہے۔ بکر مخالف ہے۔ دونوں میں سے صحت پر کون ہے۔؟۔ (4زی الحجہ 51ہجری)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مکمل دین رسول اللہ ﷺ کی اتباع کرنا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے زندگی میں سیاست بھی کی ہے۔ اس لئے ہر مسلمان کی اپنی زندگی میں سیاست جزو دین ہے۔ چاہے تحت پر ہو یا تختہ پر یعن عمل ہو یا نیت عمل جیسا حدیث شریف میں ہے۔ جو آدمی نہ جہاد کرے نہ جہاد کی نیت کرے۔ تو وہ نفاق پر مرے گا۔ (1)

خاص مولوی ثناء اللہ صاحب سے سوال

کیا آپ مقلدین مذاہب اربعہ کو عموما اور حنفیہ کو خصوصا کافر کہتے ہیں۔ اور دائرہ اسلام سے خارج جانتے ہیں۔ اور کیا ان کے کفر کے متعلق آپ نے اپنی کوئی تحریر بھی شائع کی ہے۔ اخبار اہل حدیث میں یا کسی کتاب میں الخ (محمد سجاد حسین)

الجواب۔ مجھے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے شرم آتی ہے۔ کہ یہ سوال مجھ جیسے شخص سے کیوں پوچھا گیا۔ جس نے کبھی کسی کے فتویٰ کفر پر دستخط نہیں کیے کیوں کہ میرا اس باب میں وہی مسلک ہے جو امام المحتاطین امام ابو حنیفہؒ وغیرہ کا ہے۔ لا نکفر اہل القبلۃ

1۔ مذید تشریح 17مارچ 23ء سہ کے اہل حدیث میں بذیل فتاویٰ دیکھئے۔ (راز)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

جلد01ص363

محدث فتویٰ